یاد حق سی ایک دن تہا اوسکو کام

ایک نی آکر دل او سکا چہلکہہ دیا
اوسنی فراشی سلام اوسکو کیا

اوس سی پوچہا ایک نی ای نیکنام
کیون کیا جہک کر تو تمی نی سلام

دل سی اپنی ایک بہر کر آہ سرد
یون کہا اوسنی کہ سن ای نیکمرد

بد بدی سی گر نہ اپنی باز آئے
نیک کیون نیکی سی اپنی ہاتہہ اوٹہائے

اسکا ثمرہ یہہ کہین پایا جا لگا
میری دہوکی مین دغا کہا جا لگا

نیک کی پاداش نیکین نیک ہی
پر سمجہنا کب اسی ہر ایک ہی

تجہکو دیتا ہون قسم قرآن کی
سیر کر اک دن تو گورستان کی

مرگئی ہین دیکہہ کیسی کیسی لوگ
آ پہ چہوڑ لیگا تجہی بہی کب یہہ روگ

دیکہہ آتا ہی کسیکی کام کچہہ
اوس سی باقی ہی سوا ای نام کچہہ

یہان کئی تہی جسنی کچہہ اعمال نیک
اوسجگہہ مین ہیگا اوسکا حال نیک

اور کئی تہی جسنی اسجا کام بد
اوسجگہہ اوسکا ہوا انجام بد

پھر تو اچھی کام کیون کرتا نہین — موت کی صدمی سی کیون ڈرتا نہین
مت بتا ہرگز کسیکو آپ سی — یہہ نصیحت ہمکو ہی ما باپ سی
بات جو سنی گوارا تجھکو ہو — صاحبی چاہی تو کہہ ای نیک خو
اور ہو جو بات تجھہ پر ناگوار — وہ نہ مونہہ سی کہہ کسیکو زینہار
دیکھہ تو بلبل پھنسی جب دام مین — تب کہا کیا اوسنی اوس ہنگام مین

حکایت بلبل و صیاد

پھول توڑی ایک بلبل نی تھی وو — جب پھنسی وہ دام مین نادان ہو
تب لگی کہنی وہ یون صیاد سی — تو ضرر پاویگا اس بیداد سی
مینی آزردہ کیا تھا پھول کو — جس سی اس حالت کو پہونچی قید ہو
تو جو آزردہ کری ہی جان کو — سوچ لی اسکی ذرا نقصان کو
سنکی یہہ صیاد نی اوسکا کلام — اوسکو چھوڑا اور توڑا اپنا دام
ہین جو اچھی اونکا ہی یہہ طور — گر تو عاقل ہی کر لی دلمین غور
یعنی سمجھی جلد جو جس بات کو — آفرین اوسکو اور اوسکی ذات کو
عقل ایک کیا ہوا چندی رہے — جب سمجھہ آئی تھی آئی سے رہے
ایک جان اور بوجھہ کر تو چوک مت — مونہہ اوٹھا کر آسمان پر تھوک مت
کر دیا آگہ تجھی اس نی خبر — جو کری کام اوسکو دانائی سی کر
وہ جو احمق ہی نہین اوسکا علاج — وہ نہ کل سمجھا نہ سمجھیگا آج
عرض اک ذرہ میری بیان کہہ — نقل اک سائیس کی سن کان کہہ

حکایت سائیس

نوکر اک گھوڑی پہ اک سائیس تھا — پر حمق مین وہ بھونسی بیس تھا
روز اول ہی و لیکن اوسنے یار — یہہ کیا تھا اپنی آقا سی قرار

یعنی

یعنی جسدن آپکو خوش پاؤنگا
فرد اضافی کی اوسی دن لاؤنگا

اتفاقاً اوسکا آقا ایکبار
گهر گیا اک آشنا کی هو سوار

تها سر ره اک جگهه اوسکا مکان
اوسکی اوپر جاکی بیٹها وه جوان

نیند مین سائیس بیخود هو گیا
سر کی نیچی هاتهه دهر کر سو گیا

اوسکو میزان خرد مین تول کر
لی گیا گهوڑی کو کوئی کهول کر

آنکهه جو آسین کهلی اوسکی کهین
دیکهتا کیا هی که گهوڑا هی نهین

جاکی کوٹهی کها کیونجی میان
چهوٹ کر گهوڑا بهی آیا هی یهان

جب میان هنسنی لگا دم توڑ توڑ
تب کها سائیس نی یون هاتهه جوڑ

آپ پهلی خوب سا هنس لیجئی
دستخط پهر کچهه اضافه کیجئی

حمق ایسی شی کچهه ایسی نگین نهین
دیکهه مت اسجال مین پهنسنا نهین

جینو نیکی موت جب آتی هی یار
تب وسی لگتی هین پڑنی اختیار

سوچکر فرما تو دانائی کو کام
ره نه غافل اسطرحسی صبح و شام

مچهلیونکا سنکی قصه دل نگار
فرق کر دانا مین و نادان مین یار

حکایت ماهی عقلمند و کم عقل و بی عقل

دشت مین ندی تهی اک آب گیر
مچهلیان تین اوسمین رهتی تهین صغیر

شام کو صیاد پهونچا آکی وهان
بولا ڈالونگا سحر کو جال یهان

وه جو تهی دانا وه سن اس بات کو
بهه گئی آگی وهانسی رات کو

صبح کو صیاد نی اوٹهتی هی بس
جال کو پانی مین پهینکا کر هوس

وه جو تهی کم عقل مچهلی اوسگهڑی
سمجهی اب مجهه پر مصیبت آپڑی

جال پر اپنی وه اکدم ره گئی
بنکی مرده پهر تو وه چت هو گئی

جان کر مرده اوسی صیاد نی
دور پهینکا وهانسی اوس استاد نی

مکھیان بیوی کی بوسی ایکبار — لپٹیان منہہ سی اوسکی بیشمار
وہ جو نادان دوست بہت بیکار پوچہہ تہا — مکھیان اوسکی اوڑانی وہ لگا
پر وہ شیرینی سی بیوی کی کہین — ایک ذرہ ٹلیان وہ انسی نہ تہین
بس جو کچہہ چلتا نہ تہا چلتا تہا رچہہ — ہاتہہ دونو تہرسی ملتا تہا رچہہ
ہاتہہ سی ونکی ہوا وہ تنگ جب — جیمین اپنی یہہ کیا فکر اوسنی تب
سبہونکو ڈالیی اک دم مین مار — تا کہ سووی چین سی یہہ میرا یار
لایا اک پتہر اوٹہا کر دور سی — مکہیون پر اوسنی مارا زور سی
مکہیونکی ساتہہ چکا اوسکا سر — روح اوسکی ہوگئی تن سی بدر
دوست جو نادان ہو اوس سی لاکہہ چند — دشمن دانا ہی خوب ای ہوشمند
دوست وہ ہی جو کہ جانی دوست ہو — ہی وہ دشمن جو کہ نانی دوست ہو
جسکو نگین اپنی مطلب سی ہو کام — گر نہ یار اپنا اوسی ای نیک نام
آشنائی دیکہہ چہوٹونسی نہ کر — کیونکہ اسمین ہوئیگا تیرا ضرر
دوستی کر تو بڑی لوگونکی ساتہہ — تا کہ حاصل تجہکو ہو کچہہ ہاتہون ہاتہہ
سن تو چہوٹونکا اب مجہسی بیان — تا کہ یہہ نکتہ بہی ہو تجہہ پر عیان
ہی بڑی چہوٹی سی یہہ میری مراد — گر تو دانا ہی تو کر لی اسکو یاد
یعنی محفل مین کمینون کی نہ بیٹہہ — اچہی صحبت مین اگر بیٹہی تو بیٹہہ
گوش دل سی ایک کی سن مجہسی نقل — بس یہی وہ تجہکو اگر ہی تجہہ مین عقل

حکایت مرد عاقبت اندیش

ایک سی پوچہا کسینے برملا — دوست جانی کی ہین تیری سچ بتا
بولا وہ اتبو فراغت ہی سمجہی — سب مہیّا ناز و نعمت ہی سنی مجہی
پوچہہ یہہ مت کون تیرا دوست ہی — آج تو دشمن بہی میرا دوست ہی

جب

جب خدا نا کردہ تنگی آ پڑیگی
بات یہہ تب امتحان ہو جاسکی

گو کہ اپنی دوست ہو جاتی ہین سب
جو کبھی تو وہ عجب لالچی ہین سب

خود غرض جو دوست بنتی وہی عدو
بھول بہت دوستی ہرا وسکی لو

اوس سی حاصل کچھہ نہو گا تجہکو بہ
ہی یہہ لازم تو کری اوس سی حذر

وہ نہین ہی جیسی تیرا آشنا
وہ تو ہی اپنی غرض کا آشنا

جب تلک اوسکی غرض ہی تجہسی یار
تب تلک تو ہی وہ تجہہ پرسی نثار

اور جہان پایا غرض نی انصرام
پہر اوسی ہرگز نہین کچھہ تجہسی کام

بیٹھہ مت جو تسی رنگین ہو کی سن
اک زن و شوہر کا قصہ بہی سن

حکایت زن و شوہر

جورو اک صاحب کی تہی صاحب جمال
پر وہ خود تہی سخت بد صورت کمال

اوسی مطلق اوسکو کچھہ الفت نہ تہی
بلکہ کچھہ صحبت کی بہی رغبت نہ تہی

پہیر لو دہر سی منہہ وہ سوتی راتکو
کاٹتی تہی اپنی یون اوقات کو

گہر مین اونکی ایکدن آیا جو چور
جیسین سمجہی مارڈالیگا بزور

خطرہ جانسی غرض وہ دل دُکہا
پیٹ سی شوہر کی لپٹی کمر کا پا

خواب غفلت سی کہلی آنکہہ اوسکی جب
سوچ یہہ کرنی لگا وہ جی مین تب

بعد مدت اپنی کیا قسمت کہلی
اس طرف لو طبع جو اسکی ڈہلی

کب خوشی سی دل کو صبر و تاب ہی
آہ بیداری ہی یا یہہ خواب ہی

صد ہزاران شکر ای خوابیدہ بخت
جو ملائم ہو گئی اسطرح سخت

مہربان اپنی یہہ اوسکو تاڑ کر
وہ بہی لپٹا اوسکو چہاتی جہاڑ کر

ڈر کی ماری وہ نہ جب اوسکی رہی نہار
اوسنی مدت کا نکالا سب بخار

چور پر ہمین پڑی اوسکی نظر
یون لگا کہنی وہ اوسکو دیکہہ کر

بہانسی جو چاہی سو لیجا تو او تہا
پر خدا کی واسطی ہر روز آ

کیونکہ تہا مدنشی کہا یا جمین عیش
تیری باعث سی کیا خوب آج عیش

جس زن شوہر مین ملین ہونہ پیار
او زن شوہر کی کیا ہی بیت یار

ہین جسکا اشراف کی تو دو استان
اب کرون کم ذات کا تجہسی بیان

کیا شرافت منحصر ہی بات پر
ہی شرافت منحصر اوقات پر

جسکی جورو مین ہو دی خوی زشت
جیتی جی وسکو ہی دنیا مین بہشت

اور پہری جسکو بری تدبیر سی کام
اوسکو دنیا ہی مین دوزخ ہی مدام

مجہکو اک مضمون سعدی سی ملا دہی
بوستانمین اونکا یون ارشاد ہی

پارسا زن نکومت گر زن بہا
تو کدہی کو باندہ گو ہی جور یار

دیکہہ تو بر خود غلط اتنا نہ ہو
مت غلط طور جان اپنی آپ کو

سوچ کر تو ہی تری تقریر کیا
تو ہی کیا اور ہی تری تحریر کیا

اپنی قدر و منزلت کو جان یار
کب تلک سمجہاؤن تجہکو بار بار

بس نہ ہو وہ زبان گو گرم کر
شرم کر آئی خدا سی شرم کر

پر نہ ویسی شرم کر ہرگز ابہی
شرم تیلی کی بہو نی جیسی کے

حکایت عصار و زن بیشرم

ایک تیلی کا نو مین تہا تہا یار
وہ گیا تیلی کی ہو کی ایکبار

تہا بہو بن جو کوئی مطلق وہان
اوسنی پوچہا کہہ گئی ہین کہان

وہ بہو کب بولتی تہی شرم سے
اور کہان لب کہولتی تہی شرم سے

پہونچی جب حد سی ون گفت و شنود
تب گئی وہ موت کر او سیرسی کود

سوچ او سکو یون وہ تہا تیلی پکار
ہان گئی ہین لوگ سب دریا کی پار

بول اٹہا پہر تہا کام ایسا کیا عجب
واسطی جسکی گئی ہین لوگ سب

اوسنی بہی سی دیا گہنگرا اوٹہا
بولا ہان کو لو او نہین درکار تہا
پہر کہا کیون عقل بدلی چہا گئی
گہر کی لیا کو لو یہ آفت آ گئی
اوسنی آگی سی دیا گہنگرا اولٹ
بولا ہان کو لو گیا ہی گہر کا ہٹ
اس حیا کو دیکہہ نکلین غور سے
مانگ وزر و شب پہ اس دور سے
بیحیائی اب گئی حد سی گذر
بیحیا مت بن خدا کا خوف کر
دور آیا ہی یہہ ایسا ہی کہ یار
ماں کو بیٹی کا نہین ہی اعتبار
بہائیکو مطلق نہین بہائی سی راہ
بہانجی کو بہی نہین ماموں کی چاہ
کچہہ بہن کو بہائیکی الفت نہین
باپ کی بیٹی پہ کچہہ شفقت نہین
ہی بہتیجی سی چچا کا دل فگار
جان و دل سی یار کا دشمن ہی یار
ہی صدی یہہ تیرہوین اس سی تو
رات دن حرص و خطر کر اس سی تو
جو مقدر مین ہی سو آویگا ہاتہہ
تیری وزری تو ہی تیری مرگ ساتہہ
آپ سی پہنچی ہی و لیل و نہار
پر تو اہی سعی سی سمجہی ہی یار
تیری یہہ کوشش نہین ہی کچہہ بجا
سعی سی تیری بہلا ہوتا ہی کیا
ہو کی قانع حرص کو موقوف کر
واسطی زر کی مت پہر در بدر
ہی قناعت تو جوانمردونکا کام
شاہد اسپر مولویکا ہی کلام
کاسۂ چشم حریصان پر نشد
تا صدف قانع نشد پر در نشد
حرص دنیا کر نہ کافر کی طرح
مت فضیحت ہو مسافر کی طرح

حکایت مسافر و مہترانی

نقل کرتی ہین مسافر ایک تہا
سو سرائی شہر مین اوترا وہ جا
ڈال اوسنی گہی و لا بازار سے
پاس بہٹیاری کی بیٹہا پیار سے
اور لگا کہنی کہ مزدوری یہہ لی
اسکو جلدی سی پکا تو مجہکو دی

چور اوسکو جی مین پهر وه پنهان کر
متصل تهیا بهت هی آن کر
چاهتی تهی وه نظر اوسکی بچائی
دال لی مین سی اوسکی کچهه چرائی
لیکن از بس تها مسافر هوشیار
پاس سی اوسکی نه سرکا زینهار
گرچه هشیاری بهت طرار سے تهے
اوسکی عیاری سی پر ناچار تهے
جیمین سوچی اس بلا کو تهیلئے
کچهه چلتر آج اس سی کهیلئے
گو هی اپنی کام مین استاد یه
بات میری بهی کبهی پر یاد یه
قصه کوته یک جکا جب وه تمام
بیتها کهانیکی لئی وه نیک نام
هاتهه دهو جب اوسنی بسم الله کی
مهترانی نی وهین تب آه کی
پیتنی اپنا لگی وه کهول سر
اور لگی کهنی یهه آهین سرد بهر
بستی ملانی والی کا هووی برا
آ میری بچی تو اوسکی ساتهه کها
زهر هوگا تو اثر کر جائیگا
بیتا اوسن بندیکا تو مر جائیگا
الغرض اوسنی پکر بیتی کا هاتهه
اپنی بهائی سی کهلایا اوسکی ساتهه
وضع رنگین بهت معیوب ہے
ایسی خلقت سی کنارا خوب هی
نکته یهه پهونچا هی اس آگاه سی
کر بدی هرگز نه خلق الله سی
هی لئی دنگی یهه تیری زندگی
لی نه اپنی واسطی شرمندگی
سب کو ملین کی طرحسی میل مت
صاف هو سب سی چلتر کهیل مت
هی یهه لائق آپ کو پهچانئے
چاهئی بد سب سی خود کو جانئے
آپ کو جو نیک سمجهی مدام
جانئی اوسکو که هی مرد تمام
اور جو بد آپ کو سمجهی بهلا
سمجهی اوسکو یهه هی سب سی برا
یا جو کچهه هو جی وهی کهلائے
شیخ جی کی سی نه فطرت لائے

حکایت شیخ که خود را سید میگفت

شیخ

شیخ کو سیّد کہانیکا تھا شوق — پیر جی کہنی سی وہ رکھتا تھا ذوق

سب سی کہتا تھا نہ شرمایا کرو — پیر صاحب مجھکو فرمایا کرو

مل گیا اوسکو جو اوسکا اک رفیق — تو لگا کہنی اوسی یون وہ شفیق

شیخ ہی سیّد نہین تو تیرا باپ — لاکہہ باری کہہ چکا ہی مجھسی آپ

سنکی وہ بولا سنا مجھکو نہین — آگہی اس بہید سی تجھکو نہین

گوش دل سی سن اسی ای نیک خواہ — اندنون مینی کیا ہی اپنا بیاہ

بی بی آئی ہی سو سیدانی ہی وہ — حُسن مین بیدا د لاثانی ہی وہ

یون سیادت کی طرف جاتا ہون مین — سیّد اس ناتی سی کہلاتا ہون مین

سنکی وہ بولا کہ ای مرد عزیز — کیا کہی ہی کچھہ بہی ہی تجھکو تمیز

رشتہ جورو سی لگاتا ہی کوئی — اس طرح سیّد کہاتا ہی کوئی

تو ہی دانا یار ہی نگین ہوشیار — مین بہی تجھکو کہونگا بار بار

دیکھہ ایسی خلق سی محفوظ رہ — جب ہا محفوظ تب محظوظ رہ

رحم دل ہو اور سختی چھوڑ دی — عرض میری مان سختی چھوڑ دی

سوچ اسی کہتا ہون مین تکرار سی — نرم شی کٹتی نہین تلوار سی

گر نہین باور تجہی یہہ گفتگو — تو تو کانس اور بڑ کا سُن احوال تو

حکایت کانس و درخت

دشت مین جو نرم ہوتی ہی وہ گہانس — جسکو کہتی ہین سب اہل ہند کانس

اوسکا کر سکتی نہین کچھہ باد تند — بلکہ وہ کرتی ہی اوسکی دانت کُند

اور وہ بڑ پاتال مین ہی جسکی جڑ — جڑ سی وہ اکدم مین جاتا ہی اوکھڑ

جیسی ای نگین نہو مجھسی ملول — کہہ کر سختی سی ہی تجھکو کیا حصول

مکر و فن تجھکو بہت سا یاد ہی — کام کا اپنی تو اک استاد ہی

گہ ملائم ہی تو اور گاہی کرخت | گاہ تو ہی حرم دل گاہی ہی سخت
باتکا تیری اسی ہی اعتبار | ہی جی لاہی کی اسی حالت تیری یار

حکایت نورباف

تہا جولاہا ایک مرد نیک نام | کپڑا وہ بنتا ہی ہنتا تہا مدام
بیٹہی بیٹہی وہ جو اکدن تہک گیا | بولا سنتی سی کلیجہ پک گیا
اب مگر تو اپنی مین سیہی کرون | یہہ نہین لازم کہ بن آئی مرون
یہہ سخن کہتی ہے وہ منہہ لپیٹ | آہ کرتی ہی گیا او سجا پہ لیٹ
بعد اکدم کی دو پٹا تان کر | چار پائی پر و دلیتا آن کر
اور کہتا تہا یہی وہ دمبدم | آدمی بہی کب ہی نکہیر وسی کم
گہ فلک پر ہی یہہ گاہی زمین | یہہ کہین ہی گاہ اور گاہی کہین
تو بہی نگین ایسی کم ظرفی نکر | ہو کی دانا بن احمق اسقدر
کس سبب سی ہی یہہ پندار غرور | کہینچتا ہی آپ کو کیون اتنا دور
عاجزی کر اور اس ستی کو چہوڑ | خاکساری کر زبردستی کو چہوڑ
دیکہنی والا ہی تو اک شیر کا | کچہہ بہی غم ہی تجہکو اس اندہیر کا
گر تجہی الفقر فخری یاد ہے | تو وہ میری اقول کی اسناد ہی
فقر کو تو فخر جان اپنا مدام | کیونکہ ہیگا یہہ پیمبر کا کلام
حال فقرا کی قباحت تو نہ دیکہہ | قال کو دیکہہ انکی صوت کو نہ دیکہہ
بی نوا کو جہش کر لی قال و قیل | دیکہہ تو قاضی ہو گیسا ذلیل

حکایت بینوا و قاضی

نقل مینی یہہ سنی ہی صاحبو | بینوا نی دہول ماری ایک کو
وہ گیا قاضی کی گہر فریاد لی | تا کہ اس بیداد کی وہ داد دی

کہول کر قاضی نی جلد ہی کتاب
بینوا کو یون کہا کہا پیچ و تاب

آٹھ آنی دی تو جرمانہ اسی
ڈہول ناحق تو نی ماری ہی جسی

مان حکم شرع کو اب ای گدا
تا قیامت مین بناوی تو سزا

بینوا نی ڈہول اونکو ہی جڑی
پگڑی قاضی جی کی سر سی گر پڑی

قاضی جی بگڑی تو اونسی یون کہا
کیون خفا ہوتا ہی ای بابو بہلا

آٹھ آنی ڈہول جب ٹہری عیان
پہر یہہ ہی بیفائدہ آہ و فغان

ایک کوڑا ہی لنگوٹی مین مری
سو یہہ لی دہرتا ہون مین آگی تری

ہی یہہ پایا اسکا اب مجہکو محال
دونو آپسکو بانٹ لو نی قیل و قال

الغرض جتنی ہین دنیا مین فقیر
انکو ای نگین سمجہہ تو مت حقیر

ہین یہہ ساری ملک دنیا و دین
کچہہ نہین ہی انکو فکر روم و چین

گرچہ انسی دکہہ کسیکو ہی نہین
بلکہ سب کو فائدہ ہی ہر کہین

گو نہین انسی عدو کو بہی ضرر
پر ڈرا کر انسی تو شام و سحر

دوست اپنا جان نہین ای مقتدا
ورنہ پچہتاویگا تو اوس شاہ سا

حکایت شاہ کہ باز را کشتہ پشیمان شد

یون سنا ہی ایک تہا ایسا ہی شاہ
جسکی انجم سی زیادہ تہی سپاہ

مال دنیا پاس اوسکی کم نہ تہا
اور کسی سی کا اوسی کچہہ غم نہ تہا

ایک دن اوسکو ہوا میل شکار
اپنی گہر سی وہ چلا ہو کر سوار

کچہہ نہ ہاتہہ آیا جو اوسکو گشت مین
ہانک کر گہوڑا چلا اک دشت مین

دور تک اوسکو جو وہ ڈپٹا گیا
ہو گی لشکر سی جدا گہبرا گیا

ہاتہہ پر اوسکی تہا ایک ایسا ہی باز
جس سی بچتا تہا نہ سرخاب اور تغاز

تشنگی غالب ہوئی جب اوسپہ آ
اوسنی تب دیکہا نظر اپنی اوٹہا

دیکھتا کیا ہی کہ ہی اک پاس کوہ
اوسمین اوسکی چیلین صد ہزار
اسطرف اور اوسطرف کو جہانک کر
دیکھتا وہان کیا ہی وہ عالیجناب
لیکی ہی کاش رین سی جام زرفشان
جب ہوا وہ تب ہوا خوش اوسکا جی
بازنی مارا ہی پر اوس آب کو
جی مین آئی پاس سی جہانکہین ہزار
پہر یہہ سوچا دو گہڑیکی بعد جام
اسکی بہرنی مین یہان جو دیر ہو
پہنچہ گیا اکدم مین اوپر ناگہان
مار مردہ اک ہی چشمی مین پڑا
زہر اوسکا ملکی اوس جا تہا چکان
باز کی خاطر ولی ہر لحظہ رو
کام جلد یکا ہی ای تلمین بون
ہی وہنہین کا قول اور یہہ پند و بست
بات کو دریافت کر کر سیجہی
فعل بد نی جسکہ ہی بگڑی نمود
یہانکی کاروبار مین نادان ہو
واسطی عقبی کی مونہہ دنیا سی موڑ
سوچ لی تجہہ سی جو آگی تہی عیان

جسکی رفعت سی فلک بہی ہی ستوہ
اور ہین گرد اوسکی کوہی بیشمار
کوہ کی جانب چلا وہ ہانک کر
قطرہ قطرہ کوہ سی ٹپکی ہی آب
رکہہ دیا اوسکی تلی اوسنی وہان
چاہتا تہا وہ کہ جاوی وسکو پی
سوختہ دی اوسکی دل بیتاب کو
اوسنی ڈالا باز کو اکدم مین مار
ہو گا لبریز آب سی اید ل تمام
کیون نہ یون اوپر نجا کر سیر ہو
دیکہتا پہر کیا ہی وہ جاکر وہان
لیک دس گز سی ہی وہ کچہہ ہی بڑا
شکر حق کرنی لگا وہ نوجوان
لا کہا کرتا تہا نفرین آپ کو
کر گئی ہین پند یہہ سب رہنمون
تیر جستہ باز کی آید بدست
منظلہ کیون اپنی سر ہر لیجیے
پہر پشیمانی نہین کرتی ہی سود
کام مین عقبی کی مت انجان ہو
واسطی دنیا کی عقبی کو نچہوڑ
سو وہ سب چہوٹی بڑی باتین کہان

جاتا دنیا کو ہی کر درگذر | تا کہ ممکن ہو بھلائی سب سی کر
اور ہی جو ان کژدم تیری خلقت مین نیش | تو تو گر جس دلکو چاہی اوسکو زنش

حکایت کژدم و سنگ پشت

ایک بچھوا ایک کچھوی کا تہا دوست | پر وہ دو نو تہی بہم جون مغز و پوست
اتفاق اونکو ہوا تا کہ سفر | پہنچی ایک دریا پہ دونو آن کر
پیٹھہ پر جلد اپنی بچھو کو چڑہا | تیرنی کچھوا لگا گردن بڑہا
تیرا کچھوا جبکہ آدہی باٹ کو | ڈنک تب بچھو نی ماری ایک دو
پوچہا کچھوی نی یہہ غصی سی پکا | یہہ بدی کا وقت ہی ای میری یار
سنکی یہ بات اوس سی بچھو نی کہا | کیا کرون نہین ہی سرشت اپنی یہی
پہر تو کچھوی نی بہی ایک غوطہ لگا | پیٹھہ سی اپنی کیا اوسکو جدا
اور کہا ہر چند تیرا یار ہون | لیکن اپنی خو سی مین لاچار ہون
لیگیا کچھوا سلامت اپنی جان | غوطی کہا کر مر گیا بچھو وہان
دیکھہ نکین ہی نکیکا بد ثمر | نیک نیکی کا ہی پہل ای بیخبر
نیب مین ہرگز نہین لگتی انار | ناشپاتی سی پہل کیونکر چنار
سیب گولر مین پہلین کس طرح سی | آم کیکر مین لگین کس طرح سے
بڑ مین کب انگور کی خوشی لگین | بیر پیپل مین پہلا کیونکر پہلین
وہی کاٹیگا جو کچہہ بوتا ہی تو | جان کر انجان کیون بنتا ہی تو
گر کسی ہی جو نصیحت ہوشیار | فرق لاگا ہی اوسمین زینہار
تو اگر اونکا نہ مانیگا کہا | تو تیرا ہوویگا حال اوس شخص سا

حکایت شخصی کہ درد شکم داشت

تہا بہت ایک شخص کو درد شکم | اور وہ کہاتا تہا زیادہ دمبدم

مل گیا رستی مین اک اوسکو طبیب
یون لگا کہنی وہ اسکو ای حبیب

مجھکو جلدی ایسی دوا کچھہ دی اشتاب یہی
مجہنسی جو چاہی سو تو وہ لی اب یہی

اوسنی پوچھا تونی کیا کہایا تہا شب
درد تیری پیٹ مین ہی جس سی اب

بولا وہ مین کیا چہپاؤن تجہسی بات
مینی نان سوختہ کہائی تہی رات

اوسنی اک سرمہ دیا اوسکی لگا
اور کہا یون تہی یہی تیری دوا

یون کہا پہر اوسنی بہر کر آہ سرد
شب سی میری پیٹ مین ہی جو درد

اور تو درد چشم کی دیتی ہی دوا
اسکا کیا باعث ہی سچ مجھکو بتا

سنکی یہہ بات اوس سی تب بولا طبیب
آہ اپنی جان کا ہی تو رقیب

جیمین اپنی سوچ لی اس خاطر آج
مینی آنکہون کا کیا تیری علاج

نیک و بد سوجہی تجہی تا بعد ازین
پہر نہ ایسی چیز کہا جاوی کہین

تہی یہی پہلی دوا کرنی تری
کچھہ خطا اسمین نہین ہرگز مری

حرص مت کر تو بہائی نکمین ذرا
حرص کرنا تو نہین ہی کچھہ بہلا

حرص کی مارے ہی نکہار وی چلی
بات یہہ حقین نہین تیری بہلی

کب تلک تجہسی کرون مین قیل و قال
اب چلی روبیکا سن لی مجہسی حال

ہی یہہ نان سوختہ مال حرام
کہا نہ ہرگز اوسکو تو ای نیکنام

درد سی ہو جسکی مرجانا بہلا
ایسی کہانی سی نہین کہانا بہلا

ہی تو کہانا ہی کچھہ اس دکھہ کا علاج
ہو سکی تو کر علاج اسکا یہہ آج

یہان تو منہ سی بولتی تو کہائیگا
پہر وہان جاکر بہت دکہہ پائیگا

ابتو مجہسی سنلی بلی کا حال
صبر کر اور مت طمع کا کر خیال

حکایت گربۂ پیر زال

بلی اک بڑہیا کی گہر مین تہی پلی
دو قدم ہرگز نہ تہی ہالنی سی ہلی

عمر بھر کچھ سوکھی ٹکڑونکی سوا — مطلقا کھائی نہ تھی اوسنی غذا
ضعف سی سدرمق تھی اوسمین جان — پوست تھا باقی فقط یا استخوان
گھونس سی ہی کیا وہ لڑ سکتی تھی — وہ تو چوہا بھی پکڑ سکتی نہ تھی
بھوک سی ایسی ہوئی تھی ناتوان — اپنی چوہونسی کتروائی تھی کان
ایک دن جو چڑہ گئی دیوار پر — دیکھتی کیا ہی وہ بہاکر وہ نظر
گھر مین ہمسائیکی نکلا ہی طعام — بیٹھی دسترخوان ہین خاص و عام
بو سی کھانیکی ہوئی ایسی وہ مست — اوس بلندیکو وہ سمجھی جیسین پست
گر پڑی تھی جو بولائی ہوئی — خوان پر پہنچی وہ گھبرائی ہوئی
چوب دستی ایک نی ماری وسی — وہ لگی ہر چند تھی کاری اوسی
پر سلامت لی گئی وہ اپنی جان — پہنچی وہان بڑہیا کا تھا جسجا مکان
سر کی اوپر اوسکی ہاتھہ اپنا پھرا — دمبدم کہتی تھی بڑہیا سن ہوا
گر قناعت کرتی ٹکڑون پر مری — دست و پا تو ٹوٹتی یون کیون تری
تو بھی ای تنگین قناعت پیشہ کر — سنکی اک کامل کی بات اندیشہ کر

حکایت مرد صاحب کمال

ایک کامل سی کیا کسنی سوال — مال کو چاہی ہی جی اہل کمال
گفت چشم تنگ دنیا دار را — یا قناعت پر کند یا خاک گور
بس گرا ای تنگین قناعت ہی نہین — تو تو دنیا مین فراغت ہی نہین
شکر کر حق نی دیا ہی تجھکو جو — صبر کر اور دل سی قانع اوسپہ ہو
مثنوی مین وہ جو تھی باب علوم — کہہ گئی ہین سو وہ مولانای روم
شکر نعمت نعمتت افزون کند — کفر نعمت از کفت بیرون کند
آہ تو تو شکر کرتا ہی نہین — مطلقا مرنی سی ڈرتا ہی نہین

کیا سمائی ہی وہ تیری جیمین بات — جبسہ تو مغرور ہی دن اور رات
یہہ تکبر کام ہی شیطان کا — جوہر ذاتی ہی خلق انسان کا
بات تجہسی اب اکہون مین دور کی — مجہہ سی سن تو نقل اک مغرور کی

حکایت مرد مغرور

درس مین جاتی تہی اک صاحب امام — پر نہ لیتی تہی کسیکا وہ سلام
تہا غرور دولت اونکو بیشمار — خلق سی آگہ نہ تہی وہ زینہار
وہ کسیکو دہیان مین لاتی نہ تہی — سر کسیکی آگی جہکاتی نہ تہی
علم و فضل اپنی پہ تہی بہولی ہوئی — رہتی نخوت سی تہی منہہ پہولی ہوئی
تہا بہت سا اونکو پندار و غرور — الغرض نزدیک اپنی تہی وہ دور
اکدن اک مرد فقیر آیا جو وان — اونسی اونسی یون کہا ابہربان
کیجیو وہ جو کرتی ہین ہشیار — درس مین آنیسی یون ہوتا ہی کیا
خلق کا پڑہتی نہین تم قاعدہ — درس مین آنی سی ہی کیا فائدہ
ترک نخوت مین کرو مت دیر تم — درس مین آؤ نہ آؤ پہیر تم
سنکی یہہ بات اونکو حالت ہوگئی — اون گناہون سی ندامت ہوگئی
کچہہ اثر اوسکی زبانکا یہہ ہوا — وہ غرور و نخوت اونسی چہٹ گیا
کچہہ خطا جو اصل مین اونکی نہ تہی — اونکو بس اک بات نی تاثیر کی
ہی زنگ دین تجہکو پندار و غرور — کر اوسی آدم مین اپنی لسی دور
سب کو بہتر اپسی تو جانی کہہ — آپ کو سب سی برا پہچان کہہ
نخوت و پندار کو آ چہوڑ دی — شیشۂ کبر و منی کو توڑ دی
کچہہ خطا گر تیری خلقت مین نہین — تو اوٹہاویگا تو ہاتہہ اپنا وہین
پہلی تو انسان کی سی کرلی کام — بعد اوسکی آدمی رکہہ اپنا نام

آدمی ہونا بہت مشکل ہی یار — آپ کو انسان مت گن زینہار
گر تجھی انسان بنی کا ہی بچار — تو کسیکو مت ستا ای مہربان
بات میری سن اگر ہی تجھہ مین عقل — مین کہون اب تجھسی اک کتی کی نقل

حکایت سگ آدم شناس

ایک نی کتی سی پوچھا ہنسکی یو — سچ بتا کہ بستی مین تو بیٹھی ہی کیون
بولا کتا سنکی ای عالی نسب — بیٹھنی کا راہ کی ہی یہہ سبب
نیک جو ہی وہ بچا جاوی مجھی — اور جو بد ہی ستا جاوی سہ مجھی
نیک مجھسی بچ کی گر جاوی گذر — اور رکہی پاؤن میری پاؤن پر
نیک و بد کا کرون مین امتحان — اس لئی بیٹھون ہون یہان ای مہربان
سنکی تو ہم سی اوس کتی کی بات — مفت مین نکلین یکہو دل ور آت
آدمی گر خود کو ہی تو جانتا — تو نہین کیون آپ کو پہچانتا
دیکہہ کر رکہہ پاؤن اپنا خاک پر — روز و شب مت کہہ نظر افلاک پر
ہی مثل جس شاخ مین آتا ہی بار — خاک کی جانب وہ جہک جاتی ہی یار
تو چلی ہی کیون فلک کو دیکہہ کر — کہہ تو کیون تو اینٹہتا ہی اسقدر

نصیحت

پانچ شخص ایسی ہین دشمن جانکی — دوست اپنا ہوا و نہین پہچانکی
ایک تو جو شخص ہو بسیار خوار — ہووی بیضی سی وہ مانوس یار
دوسری جو شخص ہو اہل غرور — نیکنامی کو کبہی وہ دیکہی دور
تیسری اہل شجاعت و زجنگ — چاہیی ہو زندگی سی اپنی تنگ
چوتہی ہو جس شاہ کا احمق وزیر — دشمنونکا خود کو وہ سمجھی اسیر
پانچوین جو دوست ہو نادان سی — ہاتہہ دہو بیٹھی وہ اپنی جان سی

اس پہ نقل آئی ہی ایک مینڈک کی یاد
چاہتا ہون مین تجھی سی اسکی داد

حکایت غوک و موش

ایک مینڈک ایک چوہی کا تھا یار
تھا باہم اخلاص اونمین بیشمار

ایکدن چوہی سی مینڈک نی کہا
کچھہ دوا اس درد کی مجھکو بتا

یعنی بل پر جب تیری آتا ہون مین
لیکی تیرا نام چلاتا ہون مین

تو نہین سنتا میری فریاد کو
سوختہ دیتا ہی دل بیتاب کو

کچھہ بتا اس ڈہب کا تو مجھکو بتا
جس سی جب چاہون تجھی تب لون بلا

رشتہ اک بل مین سی لایا وہ نکال
بولا اک اسکا سرا گردن مین ڈال

پاؤن مین باندہا پہر اپنی دوسرا
اور کہا لی اب جہان چاہی تو جا

پہر بلانا میرا جب منظور ہو
متصل پہانسی ہو خواہی دور ہو

ذرہ اس تاگی کو تو دینا ہلا
مجھکو گہر سی اسطرح لینا بلا

اکہہ کی پہہ لی اوسنی اپنی گہر کی راہ
مدتون تک یون ہوا اونکا نباہ

اونکو اسمین جو کچھہ ہوتا تہا کام
تو اونہو نکا ورد تہا صبح شام

رشتہ پا کو ہلا دیتی تہی وہ
ہمدگر کو یون بلا لیتی تہی وہ

بل سی آیا ایکدن چوہا برون
دن جو آئی تہی بہت اوسکی زبون

لی اڑی اوسکو جہپٹ کر ایک چیل
ہو گئی اکدم مین اونچی ایک میل

تہا جو ڈورا پاؤن مین اوسکی بندہا
اوسمین مینڈک بہی لٹکتا رہ گیا

تو بہی گر دشمن ہی اپنی جان کا
تو نہ کر تکمین دوست ہونا دان کا

نصیحت

جان کہو دائم کری جو کام چار
چار چیزونکا رہی وہ انتظار

جانی اپنی دوست کو نادان جو
جی سی لازم ہی وہ بیٹہی ہاتہہ دہو

عاجزون پر ظلم جو کوئی کری / یہہ یقین ہی تہوڑی دنون وہ مری

جسکو کہانی پینہ انکی ہو بیان ہو / جلد بیمار ہووی وہ ہلکان ہو

فاحشہ اندیشی ہو جو کوئی یار / ہووی رسوائیکا وہ امیدوار

حق کہی سبکو بری اندیشی دور / کہہ گئی ہین بات یہہ سب ذیشعور

گوش دل سی اسطرف کو کر خیال / دو قبیلی جنکی تہی سن انکا حال

حکایت شخصی کہ دو زن داشت

ایک صاحب کی قبیلی دو تہی یہان / ایک بڑہیا او نمین تہی اک جوان

بار پیاری رہتی تہی وہ ہر ایک پاس / تا کہ ہو کوئی نہ او نمین سی اوداس

وہ جو تہی دو جوروئنکی بس پڑی / بال داڑہیکی تہی اونکی گر بڑی

ساتہہ بڑہیا کی وہ سو جاتی تہی جب / نیند مین غافل وہ اونکو پا کی تب

وہ جو تہی داڑہی مین بال اونکی سیاہ / اونکو قینچی سی کترتی خواہ نخواہ

یعنی جب وہ جائینگی ساری سفید / ہو گی جورو دوسری تب ناامید

جا مگر تو بڑہیا اوسی وہ ہوگی تنگ / رات دن کرنی لگی اس سی جنگ

کچہہ غنیمت مجہکو تب جانیگا یہہ / جو کہونگی مین اسی مانیگا یہہ

رہتی تہی جب وہ دوسری جورو کی گہر / تب وہ غافل پا کی کرتی یہہ ہنر

جتنی داڑہی مین سفید اونکی تہی بال / موچنی سی لیتی وہ اونکو نکال

ہی مین کہتی جب سفیدی جائیگی / سرت اسی اس باتکی تب آئیگی

یعنی وہ بڑہیا ہی اور مین ہون جوان / کیا غضب ہی مین کہان اور وہ کہان

شاید اس ڈہب سی اوٹہاوی اوس تہی / رات دن لپٹا رہی پہر میری ساتہہ

الغرض وو نو یہی کرتی تہین کام / ہو گئی باتون مین وہ داڑہی تمام

دین و دنیا کی جو ہم ہین پائمال / ہی یہی نقل اپنی ریمن حسب حال

سوچ لی دو بدبا سی ظالم تہا اوٹہا — دیکہہ دونون مین سی ہو رہ ایک کا

یا تو دنیا کی ہی ساری کام کر — مین جو دنیادار اونمین نام کر

کام کر یا دین کا ایسا ہی بس — گرد آپہنچی نہ دنیا کی ہوس

اور جو دونون کا رکہا تو نی خیال — تو نہ ڈار ہیگا بچی کا ایک بال

مثنوی مین شہ کی قائل جیسین ہو — کیا لکہا ہی مولوی نی دیکہہ تو

ہم خدا خواہی ہم دنیای دون — این خیال است و محال است و جنون

بات ہوتی کچہہ نہین تجہسی بہلی — عمر تیری مفت جاتی ہی چلی

تو نہ ناحق مین کہین پامال ہو — گیدڑ کا سا نہ تیرا حال ہو

حکایت مادہ شغال و دو آہو

ایک جنگل مین ہرن لڑتی تہی دو — پر ہٹا سکتا نہ تہا اک ایک کو

ہمدگر کی سینگ سی القصہ یار — ہو رہا تہا جسم دونو کا فگار

زخم سی ہر ایک کی تہا خون رواں — آگئی اک گیدڑی واں ناگہان

جیسین اپنی اونکو زخمی جان کر — ٹہری اونکی متصل وہ آن کر

پہر لگی اونکی لہو کو چاٹنی — بلکہ چمڑا بہی لگی وہ کاٹنی

ناگہان اک لگ گئی اوسکو گہری — گہس گئی یون پیٹ مین جیسی چہری

وہ تڑپ کر مر گئی اک آن مین — تہی قضا اوسکی اوسی میدان مین

پاؤن اپنا جو رکہی حد سی برون — حال اوسکا ہووی ایسی نکمین زبون

حاسدونکی حق مین جو ارشاد ہی — سو تو ای نادان وہ تجہکو یاد ہی

دیدہ و دانستہ حاسد ہو نہ تن — اوس مصاحب کی طرح خونی نہ بن

حکایت بادشاہ و دو غلام

تہی مصاحب ایک شہ کی دو غلام — رو برو رہتی تہی وہ حاضر مدام

چین تھا شہ کو نہ پھر گز اونکی بن
تھا اونہیں بھی کام اوسکو رات دن

رشک سی پر بسکہ گرگی تھی ملاغ
بغض سی ہر گز نہ تھا اونکو فراغ

آخرش بغض و حسد سی تنگ ہو
مارڈالا دوسرینی ایک کو

یہہ خبر سن شہ نی بلوایا اوسی
اور زبانسی اپنی فرمایا اوسی

دوسری کو زہر جو تو نی دیا
عیش آدہا میرا ظالم کہو دیا

تجھکو ماروں اوسکی بدلی اعلام
تاکہ پہر کوئی کری ایسا نہ کام

دلسی اوسنی ایک بھر کر سرد آہ
ڈرتی ڈرتی یوں کہا ای بادشاہ

قتل کر کر تو بھی پچتائیگا
عیش باقی وہ بھی تیرا جائیگا

تو غنیمت جان آدہی عیش کو
عفو کر تقصیر بس غصی نہ ہو

بادشہ نی اوسکا سنکر یہہ کلام
یوں کہا بخشا تجھی جا اعلام

بس اگر دی ہی خدا نی کچھہ تمیز
تو تو مجھسی کلیان بہر کر سن عزیز

عمر گر تیری گئی آدہی گذر
باقی آدہی کو نکھو کچھہ فکر کر

عمر جو گذری سو گذری غم نہ کہا
یہہ جو باقی ہی نہ کہو اسکو بہلا

سر پہ آپہونچی تیری مرنیکی دن
تو بتا کس کس میں ہی ات دن

معتبر یہہ نزد خاص و عام ہی
یعنی پیری موتکا پیغام ہی

جب کیا پیری نی آکی تلفین رجوع
ہوگیا دانتونکا تب ہلنا شروع

جب سب اعضا پر بڑہاپا چہا گیا
ضعف تب ساری بدن میں آگیا

پشت کا جسوقت خم ہر بنی لگا
دمبدم اوسوقت غم بڑہنی لگا

روح سی طاقت چلی منہہ پہیر کر
ناتوانی تہا یا اکبیر کر

جہریاں ساری بدن پر پڑ گئیں
دانت گیا اوٹہین بہی ساری جہڑ گئیں

بال جب سب گئی ہوی ساری سفید
تب بہی کیا زندگانی کی امید

چہل کا جبین ہو میری کیا خیال | زندگی معلوم ہوتی ہی وبال

اب تو غم ہی تاب و طاقت مجھی | دھیان کیا ہو عیش و عشرت کا مجھی

یاد ہی مجھکو جوانی کا مزا | اب کہان وہ زندگانی کا مزا

کیون جوانی کا نہووی مجھکو غم | عیش سی مایوس ہون اب دمبدم

نصیحت بفرزند دلبند

ای میری فرزند اختر یار خان | دس نصیحت تجھکو کرتا ہون عیان

ایک تو ڈر تو خدا سی روز و شب | تا درستی دین کی تیری ہو سب

دوسری خُلق اپنا پیشہ کیجیو | خُلق کر کر نیکنامی لیجیو

تیسری جتنی ہین مخلوق خدا | جانیو تو سب سی اپنی کو بُرا

چوتھی اس ایجاد رنگین کو مدام | ورد مین تو اپنی رکھیو صبح و شام

پانچوین آئین یہ بنا مستقیم | تا کہ راضی تجھسی ہو تیرا کریم

صحبت بد سی چھٹی کیجو حذر | بلکہ اوس کی جا سی مت کیجو گذر

ساتوین اپنا ادب کیجو شعار | تا ترا خلقت مین ہو عزّ و وقار

آٹھوین یہہ پند میری مانیو | مرگ کو نزدیک دائم جانیو

اور نوین ڈریو عذاب قبر سی | رہیو مت ایمن زمینکی جبر سی

دسوین مجھکو فاتحہ سی کیجو یاد | تا کہ میری روح ہووی تجھسی شاد

میری بخشایش خدا سی چاہیو | اور شفاعت مصطفی سی چاہیو

مین جو چندی دہر مین مہمان ہا | گرچہ دانا تہا ولی نادان ہا

مینی جیتی جی کئی لاکھون گناہ | جان کر نامہ کیا اپنا سیاہ

سالہا افسوس پا در گل جیا | مین جیا دنیا مین بی غافل جیا

تو کہین چلنا نہ میری راہ پر | رکھیو دھیان اپنی ذرا اپنی

میری

میری اعمالوں نہ مت کیجو نظر ۔ دہیان رکھیو تو خدا کی عفو پر

میری آمرزش طلب کرنا مدام ۔ یاد رکھنا یہ نصیحت والسلام

تمام شد

الحمد للہ کہ نسخۂ ایجاد رنگین تصنیف سعادت یار خان رنگین ولد محکم الدولہ طہماس بیگ خان اعتقاد جنگ بہادر بتاریخ دوم شہر رجب المرجب سنہ ۱۲۶۲ ہجری در مطبع حسنی میر حسن رضوی خلف میر حسین عرف میر کامل مرحوم و مغفور واقع بیت السلطنت لکہنؤ متصل اکبری دروازہ محلہ محمود نگر صورت انطباع پذیرفت